سبق - 3

عقائد

”بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ،“۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں (۲) نماز قائم کرنا (۳) زکٰوۃ ادا کرنا“۔

قرآن

سورۂ فلق اور سورۂ ناس کا اعادہ کروایا جائے۔

حدیث

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ“۔ (بخاری: ۵۶۳۸)

ترجمہ: تعلقات کو توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

دعا

”رَبِّ اجْعَلْنِىْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ“۔ (ابراہیم: ۴۰)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنایئے اور میری اولاد میں سے، اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرمایئے۔

سیرت رسول ﷺ

جب مکہ والوں کو مسلمانوں کی حبشہ کی طرف ہجرت کے بارے میں پتہ چلا تو انہوں نے قیمتی تحفوں کے ساتھ ایک وفد وہاں کے بادشاہ کی طرف بھیجا تاکہ وہ مسلمانوں کو اپنے ملک سے واپس لوٹا دے، لیکن بادشاہ نے ان کے تحفوں کو قبول نہیں کیا اور مسلمانوں کو اپنے ملک میں رہنے کی اجازت دی۔

اخلاق وآداب

مسجد میں جانے کے آداب:

9. اللہ تعالیٰ مسجدوں کو صاف ستھرا رکھنے والوں کو بڑا اجر دیتا ہے، اس لیے مسجد کو صاف رکھنے کا اہتمام کریں۔
10. نمازی کے سامنے سے نہ گزریں۔
11. مسجد میں جانے سے پہلے صاف ستھرے کپڑے پہنیں، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ صاف ستھرا رہنے والوں کو خوب پسند فرماتا ہے۔
12. مسجد میں اپنے جوتے چپل وغیرہ ادھر ادھر نہ اتاریں بلکہ اس کے لیے بنائی ہوئی جگہ یا اسٹینڈ وغیرہ پر رکھیں۔